631-نماز فجر میں تاخیر کرنی

سوال

میں ہمیشہ صبح سات بجے نماز فجر ادا کرتا ہوں، کیا فجر کی سنتیں بھی ادا کروں یا نہ ؟

پسندیدہ جواب

اگر تو آپ نماز فجر طلوع شمس سے قبل ادا کرتے ہیں تو آپ کے حق میں سنت یہی ہے کہ نماز فجر کی سنت مؤکدہ بھی ادا کریں، اوراسی طرح اگر آپ سوئے رہیں اور طلوع شمس سے قبل بیدار نہ ہوں بلکہ طلوع آفتاب کے بعد بیدار ہوں تو سنتیں ادا کر کے نماز فجر کے فرض ادا کریں.

لیکن اگر آپ ہمیشہ نماز فجر طلوع آفتاب کے بعد تک لیٹ کرتے ہیں تو یہ بہت بڑی مصیبت ہے، چنانچہ اس حالت میں آپ سنتوں کے متعلق دریافت کرنے کی بجائے اپنے گریبان میں مونہہ ڈال کر اپنے آپ سے سوال کریں کہ جب روز قیامت اللہ تعالی آپ کا حساب وکتاب کرے گا تو آپ نماز ضائع کرنے کے متعلق اللہ کو کیا جواب دینگے ؟!!

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر (266) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

واللہ اعلم .